تک ہی محدود نہیں بلکہ قیامت تک وہ انسانیت کے ہادی ہیں۔ نعیم صدیقی صاحب نے جہاں اس موضوع پر ایک مثبت نقطۂ نظر سے بحث کی ہے وہاں انہوں نے منکرینِ حدیث کی پھیلائی ہوئی بہت سی غلط فہمیوں کا ازالہ بھی کیا ہے ہم اس مفید اور معلومات افزا کتاب کے پڑھنے کی پُر زور سفارش کرتے ہیں۔ (ع - ح - ص)

ننھے منّوں کی دنیا | اڈیٹر صوفی عبدالعزیز ایم، اے۔

مقامِ اشاعت: ۲۲۱ سرکلر روڈ، لاہور۔ سالانہ چندہ تین روپے۔ فی پرچہ چار آنے۔

یہ بچوں کا ایک رسالہ ہے جو ملک کے ایک ذی علم اور بزرگ استاد پروفیسر عبدالعزیز صاحب کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ پرچہ میں دینی رجحان غالب ہے۔

خدا موجود ہے | یہ کتاب امریکہ میں شائع شدہ ایک تالیف "پھیلتی ہوئی کائنات میں خدا کی شہادت" کا ترجمہ ہے جو مکتبہ فرینکلن پوسٹ بکس ۳۶۹ لاہور اور مکتبۂ افکار اسلامی، زیر مسلم مسجد، انارکلی لاہور کے باہمی اشتراک سے اشاعت پذیر ہوا ہے۔ مترجم پروفیسر عبدالحمید ایم، اے ہیں۔ ضخامت ۳۰۷ صفحات، قیمت ساڑھے چھ روپے۔ کتاب کے آغاز میں مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کے قلم سے چھبیس صفحات کا مقدمہ ہے۔

اس کتاب میں چالیس مختلف اور ممتاز سائنس دانوں کے مضامین جمع کیے گئے ہیں جن میں انہوں نے اس مسئلے پر بحث کی ہے کہ اپنے اپنے شعبۂ علم و فن میں انہیں وجود باری تعالیٰ کے حق میں کیا کیا دلائل و شواہد فراہم ہوئے ہیں اور کس طرح انہیں عقلی و ذہنی اطمینان حاصل ہوا ہے کہ یہ کائنات ازلی و ابدی نہیں ہے، نہ آپ سے آپ وجود میں آگئی ہے، بلکہ اسے ایک قادرِ مطلق نے پورے شعور و ارادہ اور حکمت کے ساتھ ایک وقتِ معین پر خلق کیا تھا اور وہی خالق اس کی تدبیر امر کر رہا ہے۔ پھر ایک وقت لازماً ایسا آئے گا جبکہ یہ نظامِ کائنات جو ابدی نہیں ہے، درہم برہم ہو جائے گا

ان مضامین کے لکھنے والوں میں کیمیا، طبیعیات، طب، ریاضی، فلکیات، غرض ہر طرح کے